کوڈ نمبر: 05

ہال میں موبائل فون لانا بالکل منع ہے

MRD-IX-17(A)

اردو لازمی۔ (نہم)

(فریش / نیا کورس)

کل وقت: 3 گھنٹے　　　　کل نمبرات: 75

URC9

طالب علم رول نمبر اس طرح لکھیں

2	3	4	7	2	6
0	0	0	0	0	0
1	1	1	1	1	1
●	2	2	2	●	2
3	●	3	3	3	3
4	4	●	4	4	4
5	5	5	5	5	5
6	6	6	6	6	●
7	7	7	●	7	7
8	8	8	8	8	8
9	9	9	9	9	9

طالب علم رول نمبر

0	0	0	0	0	0
1	1	1	1	1	1
2	2	2	2	2	2
3	3	3	3	3	3
4	4	4	4	4	4
5	5	5	5	5	5
6	6	6	6	6	6
7	7	7	7	7	7
8	8	8	8	8	8
9	9	9	9	9	9

وقت: 20 منٹ　　　　"سیکشن الف"　　　　کل نمبر: 15

سوال: 1 ببل کو کالے یا نیلے مارکر سے پر کرنا ہے۔ کاٹ کر، مٹا کر، دوبارہ لکھے ہوئے یا ایک سے زائد ببل کو پر کرنے پر کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

i. شبلی نعمانی کو ترکی حکومت نے ---------------- دیا تھا۔

● تمغہ مجیدیہ　(B) تمغہ احمدیہ　(C) تمغہ جرات　(D) تمغہ شجاعت

ii. بے شمار روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت ﷺ مسائل سے نہایت ---------------- کرتے تھے۔

(A) پیار　(B) گریز　● نفرت　(D) محبت

iii. مہذب ملکوں میں جو کچھ طاقت ہے وہ سب ---------------- کی بدولت ہے۔

(A) توانائی　● اتفاق　(C) ترقی　(D) ٹیکنالوجی

iv. دربارِ اکبری، نیرنگِ خیال کس کی تصانیف ہیں؟

(A) الطاف حسین حالی　(B) سر سید احمد خان　(C) محمد حسین آزاد　(D) شبلی نعمانی

v. ابھی میرے ہمسائے میں ایک شخص کی ---------------- ہوئی ہے۔

● رہائی　(B) پٹائی　(C) شادی　(D) موت

vi. منشی پریم چند کا اصل نام ---------------- تھا۔

(A) اختر رائے　(B) دلبر رائے　(C) اکبر رائے　● دھنپت رائے

vii. "دستک" ایک ---------------- ڈرامہ ہے۔

(A) ٹی وی　(B) فلمی　● سٹیج　(D) ریڈیو

viii. امتیاز علی تاج نے کون سا سبق لکھا ہے؟

● آرام و سکون　(B) غلام　(C) نیلی جھیل　(D) سفارش طلب

ix. ہم ہر ---------------- جھیل کے کنارے گزارتے۔

● اتوار　(B) پیر　(C) منگل　(D) جمعرات

x. جس نظم میں اولیاء کرام کی تعریف بیان کی گئی ہو، اسے ---------------- کہتے ہیں۔

(A) ہجو　(B) مناجات　(C) قصیدہ　● منقبت

xi. نظم "برسات کی بہاریں" کس ہیئت میں ہے؟

(A) مخمس　● مسدس　(C) مثنوی　(D) مثلث

xii. ---------------- غزل یہ تونے کہی عاشقانہ کیا

(A) ظفر　● آتش　(C) میر　(D) اقبال

xiii. دو معنی رکھنے والے لفظ کو ---------------- کہتے ہیں۔

(A) ذو معنی لفظ　(B) ثنائی لفظ　(C) ہم معنی لفظ　(D) مرکب لفظ

xiv. جملے میں جس چیز یا شخص کے بارے میں کچھ کہا جائے اسے ---------------- کہتے ہیں۔

(A) اسناد　● مسند الیہ　(C) سند　(D) مسند

xv. غرض وہ بیارا انبار عورتوں اور ---------------- میں تقسیم ہوگیا۔

(A) بچوں　(B) بوڑھوں　(C) آدمیوں　● مردوں

eduvision.edu.pk

MRD-IX-17(A)

اردو "لازمی" (نہم)

(فریش / نیا کورس)

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

سیکشن "ب"

نمبر: 60

سوال نمبر 2: مندرجہ ذیل میں سے کوئی (نو) اجزاء حل کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر مساوی ہیں۔ نمبر: 36

ا۔ مرکب تام یا مرکب مفید کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے۔

۲۔ چار فعلیہ جملے لکھیں اور ان میں فاعل، فعل اور مفعول کی نشاندہی کریں۔

۳۔ سر سید احمد خان کے نثری فن پر تنقیدی نوٹ لکھیں۔

۴۔ حضرت عمرؓ نے یہ کیوں فرمایا کہ تو سائل نہیں، تاجر ہے؟

۵۔ جب کسی فصل کا نیا میوہ آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کیا جاتا تو آپ ﷺ کیا فرماتے تھے؟

۶۔ سبق "نصوح کا خواب" کا مرکزی خیال لکھیں۔

۷۔ دایہ کے جانے کے بعد بچے کی جو حالت ہوئی اسے اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

۸۔ ڈرامہ "دستک" کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈاکٹر زیدی کے کردار پر تبصرہ قلم بند کریں۔

۹۔ غلام کے سر پر اُسترا پھرتا تو گھر والے اس سے کیا سلوک کرتے تھے؟

۱۰۔ امیر مینائی کی لکھی ہوئی نظم "نعت مبارک" کا خلاصہ تحریر کریں۔

۱۱۔ "کنائے" کی تعریف کریں اور دو مثالیں دیں۔

۱۲۔ چار الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں: عظیم الشان، حسب معمول، حوصلہ افزائی، جہاندیدہ، حسب توفیق

سیکشن "ج"

نمبر: 24

سوال نمبر 3: متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔

(الف) سادہ لفظوں میں اس فلسفے کے معنی یہ ہیں کہ پاکستان کو چلانے کی تمام ذمہ داری اللہ تعالیٰ پر ہے۔ دیانت داری فقط قائداعظم کے لیے ہے اور ہمارا کام صرف دنیاداری ہے۔ لفظ دنیاداری تین اجزاء کا مرکب ہے۔ چوری، رشوت اور خویش پروری کا۔ ایسے سفارش طلبوں سے گلوخلاصی کا موثر طریقہ ایک ہی ہے کہ آپ مسکرا کران کا بازو تھامیں۔ انہیں گھر کے دروازے تک لے جائیں۔

(ب) یہ کہہ کر ماماجی جانا چاہتی تھیں کہ سپاہی نے چٹیا پکڑ کر گھسیٹ لیا۔ اس پر تو بڑھیا نے وہ اودھم مچایا کہ معاذ اللہ! سارا محلہ چیخ چیخ کر اور رو رو کر سر پر اٹھا لیا۔ اس وقت تو میں نہیں سمجھا تھا مگر ہاں اب سمجھا دوں کہ غل مچانے سے اس کا کیا مطلب تھا۔ اس کا مکان قریب تھا اور یہ اپنی بیٹی کو نوٹس تھا کہ مال گھر سے نکال دے۔

سوال نمبر 4: نظم اور شاعر کا حوالہ دے کر کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔

الف۔
ہوئے احرار ملت جادہ پیما کس تجمل سے — تماشائی شگاف در سے ہیں صدیوں کے زندانی
ثبات زندگی ایمان محکم سے ہے دنیا میں — کہ المانی سے بھی پائندہ تر نکلا ہے تورانی

ب۔
قبضہ ہو دلوں پر، کیا اور اس سے سوا تیرا — اک بندۂ نافرمان ہے حمد سرا تیرا
گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا — بندے سے مگر ہو گا حق کیوں کر ادا تیرا

سوال نمبر ۵: بحوالہ شاعر کسی ایک جز کی تشریح کریں۔

الف۔
یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست ناصح — کوئی چارہ ساز ہوتا کوئی غمگسار ہوتا
رگ سنگ سے ٹپکتا وہ لہو کہ پھر نہ تھمتا — جسے غم سمجھ رہے ہو یہ اگر شرار ہوتا

ب۔
یا تو افسر مرا شاہانہ بنایا ہوتا — یا مرا تاج گدایانہ بنایا ہوتا
خاکساری کے لیے گرچہ بنایا تھا مجھے — کاش خاک در جانانہ بنایا ہوتا

سوال نمبر ۶: مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

اس انبار میں انواع و اقسام کے قسم اور امراض بھی تھے جن میں بعض اصلی تھے اور بعض ایسے تھے کہ غلط فہموں نے خواہ مخواہ مرض سمجھ لیا تھا مگر میں فقط ایک ہی بات پر حیران تھا کہ اتنے بڑے انبار میں کوئی بے وقوفی یا بداطواری پڑی ہوئی نہ دکھائی دی۔ میں یہ تماشے دیکھتا تھا اور دل میں کہتا تھا کہ اگر ہوس ہائے نفسانی اور ضعف جسمانی اور عیوب عقلی سے کوئی نجات پانی چاہے تو اس سے بہتر موقع ہاتھ نہ آئے گا۔

ا۔ انبار میں کس طرح کے قسم اور امراض موجود تھے؟ ۲۔ مصنف کس بات پر حیران تھا؟ ۳۔ یہ موقع کن خامیوں سے نجات پانے کا تھا؟

یا

بجلی کی کفایت شعاری اور بچت کے فوائد پر استاد اور شاگرد کے درمیان مکالمہ تحریر کریں۔

*****

eduvision.edu.pk